# اوّل کلمہ طیب

## لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد ( صلی اللہ علیہ وسلم ) اللہ کے رسول ہیں

# دوئم کلمہ شہادت

اَشۡهَدُ اَنۡ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ، وَ اَشۡهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُهٗ وَرَسُوۡلُهٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی
دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں

# سوئم کلمہ تمجید

## سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ

## وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

# چہارم کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيٖ وَ
يُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ؕ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ بِيَدِهِ
الْخَيْرُ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؕ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے
تمام تعریفیں ہیں، وہ مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے، وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے زندہ ہے جسے موت نہیں، عظمت اور بزرگی والا
ہے، اسی کے ہاتھ میں برکت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

# پنجم کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا اَوْ عَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ
مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْٓ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَ
سَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

میں معافی مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ سے جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر، پوشیدہ یا کھلم کھلا، اور میں توبہ کرتا ہوں اس کی بارگاہ میں ہر اس گناہ سے جو میں جانتا ہوں اور ہر اس گناہ سے جو میں نہیں جانتا، بے شک تو غیبوں کا جاننے والا ہے اور عیبوں کو چھپانے والا ہے، اور گناہوں کو بخشنے والا ہے، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

# ششم کلمہ رد کفر

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا

اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَ تَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَ الشِّرْكِ وَ الْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ

وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَ الْمَعَاصِيْ كُلِّهَا اَسْلَمْتُ وَ اَقُوْلُ لَآ

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں آپ کے ساتھ کسی کو شرک کروں جسے میں جانتا ہوں، اور میں آپ سے معافی مانگتا ہوں اس گناہ سے جو میں نہیں جانتا، میں توبہ کرتا ہوں اور بیزار ہوتا ہوں کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور بہتان لگانے سے اور تمام گناہوں سے، میں اسلام قبول کرتا ہوں اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔